بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ
Est. 1939 ABC CERTIFIED
روزنامہ
نعرۂ حق
Daily Nara-e-Haq Quetta
کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر: 706
چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ
Daily.naraehaq@gmail.com
جلد نمبر 84 | 22 جمادی الاول 1448 | منگل 03 نومبر 2026 | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 219

دہشتگردی کے سہولت کاروں میں سے ایک KP کی نااہل حکومت اور لاتعلق حکومت بھی تھی
ڈی جی آئی ایس پی آر

دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل کو اندرونی طور پر بھی حل کرنا ہوگا، انسداد دہشت گردی سے متعلق ہمارے جتنا تجربہ کسی اور ملک یا فوج کے پاس نہیں، کے پی میں حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال سیاسی ہے، جواب سیاستدان ہی بہتر دے سکتے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا برطانوی خبر رساں ادارے کو انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا کی نااہل حکومت تھی، صوبے میں انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کرنے والے سہولت کار اب موجود نہیں، دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل کو اندرونی طور پر بھی حل کرنا ہوگا، انسداد دہشت گردی سے متعلق ہمارے جتنا تجربہ کسی اور ملک یا فوج کے پاس نہیں۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کرتی ہیں، یہ آپریشنز پولیس، فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ تعاون سے انجام دیتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشت گردوں کی قیادت، تربیتی کیمپ اور حملوں کے لیے اڈے موجود ہیں جبکہ دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل کو اندرونی طور پر بھی حل کرنا ہوگا، انسداد دہشت گردی سے متعلق ہمارے جتنا تجربہ
بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور آزمودہ تعلقات کی اہمیت ہوا جاگر کیا
چینی وزیر لیو ہائی ژنگ کی جی ایچ کیو راولپنڈی آمد، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات، چینی وزیر کا آگے بڑھنے کا عزم

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک چین تاریخی اور آزمودہ تعلقات خطے میں خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے شعبہ بین الاقوامی امور کے وزیر لیو ہائی کنگ (HaixingLiu) نے جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں آرمی چیف و
بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3 پر

ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا، ورنہ امریکا جلد معاملہ نمٹا دے گا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی۔ آئیووا میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ایران کو معاہدہ
بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3 پر

جمعہ کو پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافہ ہونا تھا جو نہیں کیا گیا، علی پرویز ملک
عوام پر نہیں ڈالا گیا، مقامی ریفائنریز ماہانہ 15 ارب روپے کا اضافی مالی بوجھ خود برداشت کرکے ریلیف فراہم کریں گی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عوام کو خوشخبری دی ہے کہ نئے فارمولے کے تحت پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر کمی ہوسکتی ہے، جمعہ کو پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافہ ہونا تھا جو نہیں کیا گیا۔ وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر کے ممکنہ
بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3 پر



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ایس ایم ای، ہاؤسنگ کے لیے فنانس تک رسائی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

معیشت میں بہتری اور روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے
شہباز شریف

حکومتی اقدامات کے تحت کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور وزیراعظم اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے، اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ و تعمیرات کے شعبے سے منسلک کی صنعتوں کو فروغ ملے گا، شہباز شریف

چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی، برآمدات کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی بھرپور استعداد رکھتے ہیں، زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کیلئے کوشاں ہیں، اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ و تعمیرات کے شعبے سے منسلک کی صنعتوں کو فروغ ملے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے اسٹیک ہولڈرز فنانسنگ سے متعلق مسائل حل کرنے اور جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومتی اقدامات کے تحت کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور وزیراعظم اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے، اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ و تعمیرات کے شعبے
بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3 پر

پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری اعتماد اور تعاون پر قائم ہے
اسحاق ڈار

چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے، پاکستان اور چین کی شراکت داری خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کیلئے ایک مضبوط اور قابل اعتماد ذریعہ ہے، نائب وزیراعظم کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری، اعتماد اور تعاون پر قائم ہے، آج کے چین کو سمجھنے کیلئے چینی کمیونسٹ پارٹی کو سمجھنا ضروری ہے، چین کے نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے، پاکستان اور چین کی شراکت داری خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کیلئے ایک مضبوط اور قابل اعتماد ذریعہ ہے۔ وہ پیر کو
بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3 پر



راولپنڈی، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے وزیر لیو ہائی سنگ ملاقات کررہے ہیں

بین الاقوامی عدالتی شراکت داری کو مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت

اسلام آباد (آن لائن) بین الاقوامی عدالتی شراکت داری کو مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت کے طور پر، سپریم کورٹ آف پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹ نے دوطرفہ عدالتی تعاون کی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس اقدام سے ادارہ جاتی اشتراک، عدالتی علم و تجربات کے تبادلے اور ٹیکنالوجی میں جدت کی نئی راہیں کھلی ہیں۔ کوریا کے سرکاری دورے پر موجود چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کا سیول میں کوریا کی سپریم کورٹ آمد پر جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹ چیف
بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3 پر

ٹک ٹاکر چٹلو مغرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف
یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کیلئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے، ایکس پر بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر چٹلو مغرور ہے اور اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو چٹلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنی شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کرکے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کر
بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3 پر

پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائیگی
عطاء تارڑ

فلم انڈسٹری اور نجی شعبہ بھی مستفید ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی پی ٹی وی اکیڈمی کی بحالی کیلئے اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے پی ٹی وی اکیڈمی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیتی مرکز بنانے اور نوجوانوں کو فلم، ڈرامہ اور ڈیجیٹل مواد کی تیاری میں پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائے گی جس سے فلم انڈسٹری اور نجی شعبہ بھی مستفید ہو سکے گا، پی ٹی وی اکیڈمی کو جدید تقاضوں کے مطابق ایک موثر اور مالی طور پر پائیدار تربیتی ادارہ بنایا جائے گا۔ وہ پی ٹی وی اکیڈمی کی
بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 3 پر

قانونی شعبے میں اے آئی ٹیکنالوجی کے ساتھ انسانی نگرانی برقرار رکھنا لازمی ہے، شزہ فاطمہ
مقدمات کے بوجھ میں کمی اور عدالتی نظام کو پیپر لیس بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے اس دور میں نظام انصاف کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہو چکا ہے تاہم انصاف کے شعبے میں اے آئی کا ذمہ دارانہ، محفوظ اور قابل اعتماد استعمال ہی شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور فوری
بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3 پر

گورنر راج کے خلاف عوامی احتجاج نہ ہونا پی ٹی آئی کی قیادت کے دعوؤں پر بڑا سوالیہ نشان ہے، لیاقت بلوچ

پشاور (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے قائم مقام امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی قیادت نے لانگ مارچ کے دوران بڑے بڑے
بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3 پر

ایل پی جی مافیا بے لگام، لاہور سمیت ملک بھر میں سرکاری نرخوں پر گیس کی فراہمی ناممکن ہوگئی
ایل پی جی پمپس ضبط کیے جانے کے اخراجات بھی صارفین سے وصول کیے جانے لگے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں ایل پی جی سرکاری نرخوں پر دستیاب نہ ہوسکی، دکانداروں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود قیمتوں میں کمی نہ آسکی، ایل پی جی پمپس ضبط کیے جانے کے اخراجات بھی صارفین سے وصول کیے جانے لگے جبکہ ایل پی جی
بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3 پر

تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کا ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، مہنگائی اور امن وامان کے مسائل پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی نے ملک کی مجموعی سیاسی صورت حال، مہنگائی اور امن و امان کے مسائل پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، اسپیکر صوبائی اسمبلی اور دیگر پارلیمنٹیرینز کی حراست کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کی جانب سے جاری اعلامیے
بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3 پر

پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹس کے مابین عدالتی تعاون کی نئی راہیں استوار
سپریم کورٹ آف پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹ نے دوطرفہ عدالتی تعاون کی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی عدالتی شراکت داری کو مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت کے طور پر سپریم کورٹ آف پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی سپریم کورٹ نے دوطرفہ عدالتی تعاون کی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس اقدام سے ادارہ جاتی اشتراک، عدالتی علم و تجربات کے تبادلے اور ٹیکنالوجی میں جدت کی نئی راہیں کھلی
بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3 پر

آبنائے ہرمز میں 2 آئل ٹینکر بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے، پاسداران انقلاب
جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایک غیر مجاز راستے کا استعمال کر رہے تھے، بیان

تہران (این این آئی) ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکرز بحری بارودی سرنگ سے ٹکرا کر دھماکے کا شکار ہو گئے ہیں جن میں سے ایک سپر ٹینکر میں شدید دھماکے کے بعد ہولناک آگ بھڑک اٹھی۔ پاسداران انقلاب نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایک غیر مجاز
بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3 پر

آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں سے رہنمائی لے سکتی ہے، پابند نہیں، اہم فیصلہ جاری
ریویو صرف ریکارڈ پر ظاہر ہونے والی غلطی یا ایسی کوتاہی تک محدود ہے جس سے انصاف کا قتل عام ہو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں سے رہنمائی لے سکتی ہے، آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے میں قرار دیا گیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی فیڈرل آئینی عدالت کے لیے صرف قائل کرنے والی حیثیت ہے، سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اگر قانون و آئین سے ہم آہنگ ہو تو ایف سی اے
بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3 پر

ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے انکار

تہران (این این آئی) ایران نے 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے کے امکان کو مسترد کردیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ تہران اپنا افزودہ یورینیم کسی دوسرے ملک کے حوالے نہیں کرے گا۔ ایرانی ٹی وی کے مطابق اسماعیل بقائی سے سوال کیا گیا تھا
بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3 پر

پارٹی میں گروپ بندی یا تقسیم نہیں، پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کردیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ پارٹی میں کسی قسم کی گروپ بندی یا تقسیم نہیں۔ اعلامیہ کے مطابق پوری جماعت بانی پی ٹی آئی کی قیادت، نظریے اور مشن
بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3 پر



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ایف بی آر کی عدم تعاون پر سینیٹ ذیلی کمیٹی برہم، 20 کمپنیوں کی تحقیقات کا حکم
ایف بی آر ٹیکس چوروں کے ساتھ کمزور دکھائی دیتا ہے 513 کمپنیاں کروڑ ٹیکس کے باوجود ریکارڈ نامکمل، کمیٹی کا دو ماہ میں تحقیقات مکمل کرنے کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی ذیلی کمیٹی نے 1120 ارب روپے کی مبینہ ٹیکس چوری کے معاملے پر ایف بی آر کی جانب سے مکمل ریکارڈ فراہم نہ کرنے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے 20 کمپنیوں کی جانچ پڑتال کرکے رپورٹ طلب کرلی، جبکہ ٹیکس چوری کے معاملے میں تحقیقات رکوانے کے لیے حکم امتناعی حاصل کرنے والی کمپنیوں کے خلاف آئینی عدالت سے رجوع کرنے اور پشاور ہائی کورٹ کے متعلقہ جج کے
بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3 پر

پاکستان اور بنگلہ دیش کا صنعتی و اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بنگلہ دیش نے صنعتی ترقی، سرمایہ کاری، برآمدات میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا ہے، جبکہ سولر ٹیکنالوجی، بیٹری مینوفیکچرنگ، الیکٹرک وہیکلز اور صنعتی پیداوار میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات کا جائزہ لیا گیا
بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3 پر

بیرسٹر سیف کے دعوے مسترد، بانی سے ملاقات کی ہر طریقے سے کوشش کی، بیرسٹر گوہر
تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ مذاکرات کیلئے خان تک رسائی شرائط میں سے ایک تھی، گفتگو

پشاور (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ مذاکرات کیلئے خان تک رسائی شرائط میں سے ایک تھی۔ میڈیا سے
بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3 پر

غزہ میں اسرائیلی فائرنگ سے 4 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہو گئے، خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیر البلاح اور متعدد دیگر مقامات پر حملے جاری ہیں۔ کمپلیکس کے ایک طبی ذریعے نے بتایا کہ خان یونس کے مغرب میں واقع المواسی پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک شخص جاں بحق اور ایک خاتون اور دو بچوں سمیت پانچ دیگر زخمی ہو گئے، یہ علاقہ حالیہ دنوں میں بار بار حملوں کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ ایک اسرائیلی ڈرون
بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 3 پر

امید ہے خطے کے ممالک ماضی سے سبق سیکھ چکے ہوں گے، ایرانی وزیر خارجہ
محتاط رہنا ہوگا کیونکہ ایسے دشمنوں کا سامنا کر رہے ہیں جو شخصیات کو نشانہ بنانا چاہتے ہیں، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران نے خلیجی ہمسایہ ممالک کو نہیں بلکہ صرف امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا، خطے کے ممالک کو
بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3 پر

موجودہ ملکی اور عالمی حالات میں ہر شہری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، وزیر مواصلات
نئے صوبوں کے قیام کے لیے رائے عامہ کا ہموار ہونا اور سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہونا خوش آئند امر ہے، علیم خان

اسلام آباد (این این آئی) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی اور عالمی حالات میں ہر شہری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، نئے صوبوں کے قیام کے لیے رائے عامہ کا ہموار ہونا اور سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہونا خوش آئند امر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ فیصل آباد کے موقع پر مقامی پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے
بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 3 پر

سونے کی قیمت میں چھ روزہ مسلسل کمی کے بعد بڑا اضافہ

کراچی (این این آئی) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں مسلسل چھ روزہ کمی کے بعد پیر کو قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 24 ڈالر بڑھ
بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 3 پر

غزہ میں بمباری کے نتیجے میں یرغمالی بھی ہلاک ہوئے: اسرائیلی فوج کے سابق سربراہ کا اعتراف
غزہ کے اندر شدید فوجی دباؤ کے بغیر ہم یرغمالیوں کو واپس لانے کے قابل نہیں ہوتے، پریس کانفرنس

نیویارک (این این آئی) اسرائیلی فوج کے سابق سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ہرزی ہالیوی نے اعتراف کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں اسرائیلی یرغمالی بھی ہلاک ہوئے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق فوج سے استعفیٰ دینے کے ڈیڑھ سال بعد اپنے پہلے عوامی بیان میں ہرزی ہالیوی نے کہا کہ حماس کا 7 اکتوبر کا حملہ ایک ایسی ناکامی تھی جسے
بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3 پر

امریکا، فلوریڈا میں نجی کمپنی کا طیارہ گر کر تباہ، 9 افراد ہلاک
نجی کمپنی کا طیارہ ٹیکساس سے بہاماس جا رہا تھا کہ حادثے کا شکار ہوا، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست فلوریڈا کی پام بیچ کاؤنٹی میں نجی کمپنی کا طیارہ گر کر تباہ ہو گیا، حادثے میں طیارے میں سوار 9 افراد ہلاک ہوگئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق طیارہ پام بیچ کاؤنٹی کے علاقے گرین ایکر میں ایک رہائشی علاقے میں
بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3 پر

رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے
وزیر خزانہ

یورو بانڈ قرضوں کی ٹوکنائزیشن کا جائزہ جاری، بینکوں کو سائبر سکیورٹی نظام موثر بنانے اور ایس بی پی سے مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے بارے اقدامات کرنا ہوں گے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے موجودہ یورو بانڈ قرضوں کی ٹوکنائزیشن کا جائزہ لے رہا ہے اور اس سلسلے میں مشاورت جاری ہے، رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بینکوں کو اپنے سائبر سکیورٹی نظام کو موثر بنانے اور اسٹیٹ بینک کے ساتھ مل کر ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات
بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 3 پر

نیتن یاہو کے دباؤ پر ٹرمپ ایران کیخلاف جوہری حملے پر غور کر سکتے ہیں، ٹکر کارلسن کا دعویٰ
پہاڑ کے اندر موجود سرنگوں تک رسائی کے لیے امریکی روایتی ہتھیار موثر ثابت نہیں ہو سکتے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صحافی ٹکر کارلسن نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے دباؤ پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مڈٹرم انتخابات کے فوری بعد ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایکس پر اپنے بیان میں کارلسن نے کہا کہ نیتن یاہو ایران پر دوبارہ فوجی کارروائی کے لیے ٹرمپ انتظامیہ میں اپنے قریبی
بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3 پر

قبائلی اضلاع میں معدنیات کی تلاش کے معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں
فضل الرحمن

جمعیت علمائے اسلام نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع میں معدنیات کی تلاش کے معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں، امریکی اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں کہ وہ اس معاملے میں آگے بڑھ رہے ہیں، سربراہ جے یو آئی

پشاور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا گیا ہے، اب انضمام ختم کرنے کی تجاویز سامنے آرہی ہیں تاہم قبائلی علاقوں کا اصل مسئلہ آئینی نہیں بلکہ وہاں موجود معدنی وسائل ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا ورکرز جمعیت فاٹا کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قبائلی اضلاع کے انضمام کو
بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 3 پر

پاکستان علاقائی روابط کے ذریعے وسطی ایشیائی ممالک کو عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرسکتا ہے، قیصر احمد شیخ
نوجوان افرادی قوت ملک کی اقتصادی ترقی اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کی بھرپور استعداد رکھتی ہے، وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری

الماتی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان کا اسٹریٹجک جغرافیائی محل وقوع، وسیع بندرگاہی انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کے مواقع وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ اقتصادی تعاون اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ قازقستان کے شہر الماتی میں وسطی ایشیا کی اقتصادی ترقی اور معیاری سرمایہ کاری سے متعلق دوسرے تیان شان فورم (Second TIANSHAN Forum for Central Asia Economic and Quality Investment) کے
بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3 پر

مولانا نے ویٹو سے بات کی، جواب نہیں، حکومتی وزراء کے الزامات اور بیانات بے بنیاد ہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

اسلام آباد (آن لائن) سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ حکومتی وزراء کے الزامات اور بیانات بے بنیاد ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں مولانا فضل الرحمن نے ویٹو سے بات کی ہے جس کا حکومت کے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ سوموار کو پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے
بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 3 پر

اسرائیلی محاصرے کے باعث مغربی کنارے میں 80,000 فلسطینی طلبہ اسکول جانے سے محروم
اسرائیلی فورسز نے علاقے مسافر یطا میں ایک اسکول کے 10 اساتذہ کو بھی کئی گھنٹوں تک حراست میں رکھا، رپورٹ

مغربی کنارہ (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر بھر میں جاری اسرائیلی محاصرے اور نقل و حرکت پر پابندیوں کے باعث تقریباً 80 ہزار فلسطینی طلبہ گزشتہ ہفتے اسکول نہیں جا سکے۔ فلسطینی اساتذہ کی جنرل یونین کے مطابق اس صورتحال
بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 3 پر

وفاقی وزیر اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی عدم موجودگی پر تحفظات کا اظہار، قومی اسمبلی کی ہاؤسنگ کمیٹی کا اجلاس موخر کر دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی ہاؤسنگ کمیٹی کا اجلاس وفاقی وزیر اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی عدم موجودگی کی وجہ سے موخر کردیا گیا۔ سوموار کو چیئرمین مولانا عبدالغفور حیدری کی سربراہی میں قومی اسمبلی کی ہاؤسنگ کمیٹی کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی عدم
بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 3 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ، 10 سنگل اور 5 ڈویژن بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے
چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس نے نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے آج سے تاحکم ثانی ججز کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کردیا ہے۔ روسٹر کے تحت رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس نے نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کیا گیا، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق پہلا ڈویژن بینچ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس شاہ رخ ارجمند پر مشتمل ہوگا جبکہ دوسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس
بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 3 پر

ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کیخلاف کارروائی شروع کردی
گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کو ہر قسم کے لین دین پر دوگنا ٹیکس ادا کرنا ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اس سلسلے کے پہلے مرحلے میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ سے خارج کردیئے، جس کے تحت اب انہیں ہر قسم کے لین دین پر دوگنا ٹیکس ادا کرنا پڑے گا جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ٹیکس ایئر 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کردی گئی ہے جس میں 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے
بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 3 پر

ایرانی مذاکرات کار قطری ثالثوں سے ملاقات کے بعد واپس روانہ

تہران (این این آئی) ایرانی مذاکرات کار دوحہ میں قطری ثالثوں سے ملاقات کے بعد واپس روانہ ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق مذاکرات سے آگاہ عہدیدار نے کہا کہ ایرانی مذاکرات کار دوحہ میں مذاکرات کے بعد واپس روانہ ہو گئے، ایرانی وفد کی روانگی مذاکرات میں مشکلات کی وجہ
بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 3 پر



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب، بنگلہ دیش کے وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ اور منصوبہ بندی ڈاکٹر سالح الدین احمد سے ملاقات کررہے ہیں

آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عملدرآمد کا امکان ہے، اسماعیل بقائی

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ سفارت کاری کی بنیاد ایرانی 7 نکاتی تجویز ہے، اب گیند امریکا کے کورٹ میں ہے۔ تہران میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی
بقیہ نمبر 38 صفحہ نمبر 3 پر

امریکی وسط مدتی انتخابات سے قبل اسرائیل میں سیکیورٹی ہائی الرٹ
ایران اچانک حملہ کرسکتا ہے اس لئے فوج ہائی الرٹ ہے، امریکی و اسرائیلی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وسط مدتی انتخابات سے ایک روز قبل اسرائیل میں سیکیورٹی فورسز کو ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا۔ اسرائیلی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج کو انتہائی چوکس رہنے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ ایران کے ساتھ دوبارہ جنگ چھڑنے کے خدشات کے باعث سیکیورٹی انتظامات بھی مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ ایران کے ساتھ کشیدگی میں ممکنہ اضافے کے پیش نظر اسرائیلی فوج ہائی الرٹ ہے، جبکہ امریکا اور اسرائیل کے درمیان سیکیورٹی رابطے بھی اعلیٰ ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں۔ امریکی اور اسرائیلی حکام کو خدشہ ہے کہ ایران خطے میں
بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3 پر

محفوظ انفراسٹرکچر کی تعمیر اور مقامی سطح پر اختراعی و معاشی مواقع پیدا کرنا ناگزیر ہے
مصدق ملک

موسمیاتی انصاف اور آئندہ نسلوں کے تحفظ کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقات برداشت کررہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقات برداشت کر رہے ہیں، پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کو عالمی مالیاتی نظام، بلند شرح سود اور ماحولیاتی تبدیلی کے باعث متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، ترقی کو محض معاشی اشاریوں کے بجائے انسانی حقوق، موسمیاتی
بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 3 پر

مشرق وسطیٰ عالمی طاقتوں کی کشمکش کا میدان نہیں بننا چاہیے، چینی صدر
چین سیاسی اور سفارتی ذرائع سے تنازعات کے حل کی حمایت جاری رکھے گا، گفتگو

بیجنگ (این این آئی) چینی صدر شی جن پنگ نے مشرق وسطیٰ اور خلیجی خطہ بڑی طاقتوں کی رقابت اور کشمکش کا میدان بننے سے روکنے پر زور دیا ہے۔ چینی سرکاری میڈیا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ کا کہنا تھا کہ مشرق وسطیٰ کو عالمی طاقتوں کی کشمکش کا میدان بننے
بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 3 پر

معاشی استحکام اور مستقبل بین منصوبہ بندی کو اپنی ترجیحات کا حصہ بنانا ہوگا
احسن اقبال

وفاقی وزیر کا معاشی استحکام، تکنیکی استعداد میں اضافے، برآمدات میں تنوع، عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات اور ترقی پذیر ممالک کے تحفظ کیلئے موثر عالمی تعاون پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتے عالمی حالات، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، موسمیاتی تبدیلیوں، جغرافیائی سیاسی کشیدگی اور معاشی غیر یقینی صورتحال کے تناظر میں پائیدار ترقیاتی پالیسیوں کا تسلسل، ادارہ جاتی استعداد میں اضافہ اور طویل المدتی حکمت عملی ناگزیر ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدلتے ہوئے
بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 3 پر

Daily Nara-e-Haq
نعرۂ حق
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر 03214556

سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کی قانونی جنگ اور آبی خودمختاری کا تحفظ

پاکستان کے اٹارنی جنرل منصور اعوان نے باور کرایا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ سندھ طاس معاہدے پر قانونی جنگ جاری رکھے گا اور دنیا کو یکطرفہ بھارتی اقدامات سے آگاہ کرتا رہے گا۔ گذشتہ روز یہاں ایک قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سندھ طاس معاہدے کے پس منظر اور بھارتی یکطرفہ اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے اس امر سے آگاہ کیا کہ کوئی ملک یکطرفہ طور پر معاہدے سے انحراف یا اس میں ردوبدل نہیں کرسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت کے موجودہ رویئے پر پاکستان کو سخت تحفظات ہیں۔ ہمیں بھارتی شرانگیزیاں کسی صورت قبول نہیں۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ پاکستان کی زرعی معیشت کا دارومدار کشمیر کے راستے سے پاکستان آنے والے دریاؤں کے پانی پر ہے جبکہ بھارت نے اس پانی کو پاکستان کے خلاف آبی دہشت گردی کے لئے استعمال کرنے کے مقصد کے تحت ہی کشمیر کا تنازعہ کھڑا کیا اور اس کا پاکستان کے ساتھ الحاق نہیں ہونے دیا۔ پاکستان نے اسی تناظر میں بھارت کے ساتھ سندھ طاس معاہدے پر قانونی جنگ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرکے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ملکی آبی وسائل اور آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ اٹارنی جنرل منصور اعوان نے ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے بجا طور پر باور کرایا کہ کوئی ملک یکطرفہ طور پر کسی بین الاقوامی معاہدے سے انحراف یا اس میں تبدیلی نہیں کرسکتا۔ بھارت کے موجودہ طرزعمل پر پاکستان کے تحفظات بھی اسی تناظر میں ہیں کہ وہ سندھ طاس معاہدے کی روح اور طے شدہ بین الاقوامی اصولوں کو نظرانداز کرکے پاکستان کے حصے کے پانی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ معاملہ محض دوملکوں کے مابین پانی کی تقسیم کا نہیں بلکہ بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری، علاقائی استحکام اور کروڑوں انسانوں کے مستقبل کا ہے۔ سندھ طاس معاہدہ 1960ء میں عالمی بینک کی معاونت سے پاکستان اور بھارت کے مابین طے پایا تھا۔ اس معاہدے نے دونوں ممالک کے درمیان دریاؤں کے پانی کی تقسیم کا ایک متفقہ قانونی نظام وضع کیا۔ اس معاہدے کی موجودگی میں بھارت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے اس کی کسی شق کو تبدیل کرے یا پاکستان کے آبی حقوق متاثر کرنے والے یکطرفہ اقدامات اٹھائے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ معاہدے کے تحت تنازعات کے حل کے لیے طے شدہ قانونی طریقہ کار موجود ہے اور بھارت کو اسی کی پابندی کرنا ہوگی۔ عالمی ثالثی عدالت کی جانب سے پاکستان کے موقف کی تائید اور بھارتی اقدامات کے حوالے سے قانونی فیصلے بھی اس امر کی اہمیت اجاگر کرتے ہیں کہ بین الاقوامی معاہدوں کی تشریح اور ان پر عملدرآمد کسی ایک فریق کی خواہش کے تابع نہیں ہوسکتا۔ بدقسمتی سے بھارت اس معاملے میں مسلسل ایسا طرزعمل اختیار کررہا ہے جس سے پاکستان کے لیے آبی تحفظ کے خدشات بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان پہلے ہی موسمیاتی تبدیلیوں، پانی کی قلت، زیرزمین پانی کی سطح میں کمی اور زرعی ضروریات کے دباؤ جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ ہماری معیشت کا بڑا حصہ زراعت سے وابستہ ہے اور ملک کی غذائی ضروریات کی تکمیل بھی دریاؤں کے پانی سے جڑی ہوئی ہے۔ ایسے میں بھارت کی جانب سے پانی کے بہاؤ کو اپنے سیاسی اور تزویراتی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کسی بھی کوشش کے اثرات صرف زراعت تک محدود نہیں رہیں

لائل پور سے فیصل آباد تک!

راؤ منظر حیات

پچھلی صدی کی ساٹھ کی دہائی کا لائل پور حد درجہ سادہ اور منفرد تھا۔ یا شاید مجھے اپنے بچپن کی وجہ سے شہر کا مکمل ادراک نہیں تھا۔ ہر چند بلکہ بہت سے معاملات ایسے تھے، جنھیں کسی صورت میں رد نہیں کیا جاسکتا۔ جیسے آبادی حد درجہ کم تھی۔ 1960 میں لائل پور کے کل نفوس چند لاکھ ہوں گے۔ اب تو معاملہ کروڑوں تک پہنچ چکا ہے۔ لائل پور ہی کیا ملک کا ہر شہر آبادی کے بوجھ تلے دبا' بدحالی کے کیچڑ میں دھنسا ہوا ہے۔ مگر ترقی کے بیانات پڑھ اور سن کر معلوم پڑتا ہے کہ ہم لندن' پیرس سے بھی آگے نکل چکے ہیں۔ یہ سب کچھ نظر کا دھوکہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ پورا ملک' بدامنی' جہالت' قتل وغارت اور غذائی قلت کا شکار ہے۔ دراصل اگر لوگ اپنا حکمران نہیں چن پائیں گے تو حالت ایسی ہی ہوگی؟ حکمران ملک کو ترقی اور امن کے علاوہ سب کچھ دے سکتے ہیں۔ اب تو یہ دلیل بھی جواب دے چکی ہے کہ ہمارا دشمن ہندوستان بس معدوم ہونے والا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ بھارت کی صرف ایک ریاست' مہاراشٹرا کی جی ڈی پی' پانچ سو ساٹھ سے لے کر چھ سو پندرہ بلین ڈالر کے برابر ہے۔ 2026 میں پاکستان کی جی ڈی پی شاید پانچ سو بلین ڈالر کے قریب ہے۔ اب خود ہی فیصلہ فرما دیجیے کہ آزادی کے بعد ترقی کس ملک نے کی ہے۔ ویسے جب ہمارے ہاں نظر نہ آنے والی ترقی اور دل دل پاکستان کے نغمے پیش کیے جاتے ہیں تو انسان سوچ میں پڑ جاتا ہے کہ خدارا تو ہی بتا دے کہ اس نظارے کو کیسے دیکھا جائے؟ بہر حال نصف صدی سے پہلے کا لائل پور بہت مختلف تھا۔ جناح کالونی کے گھر نمبر 342 میں مقیم تھے۔ والدہ گورنمنٹ کالج، کارخانہ بازار میں لیکچرار تھیں۔ والد صاحب معروف وکیل تھے۔ یعنی ہم لوگ ایک متوسط طبقے سے تعلق رکھتے تھے یا شاید نہیں۔ کیونکہ والد صاحب کے پاس ہمیشہ نئے ماڈل کی کار ہوا کرتی تھی۔ پہلی گاڑی شیورلٹ تو آج تک یاد ہے۔ اس لیے نہیں کہ اس میں بیٹھنا اچھا لگتا تھا۔ بلکہ اصل وجہ یہ تھی کہ وہ گاڑی اسٹارٹ عجیب وغریب طریقے سے ہوتی تھی۔ غفار ڈرائیور' ایک ہینڈل کو انجن کے سامنے والے حصے میں رکھ کر زور سے گھماتا تھا۔ تھوڑی سی کوشش سے کار اسٹارٹ ہو جاتی تھی۔ پھر ہینڈل کو احتیاط سے ڈگی میں رکھ دیا جاتا تھا۔ کیونکہ دراصل یہ گاڑی کی چابی تھی۔ اس کے بغیر انجن کو حرکت میں لانے کا کوئی طریقہ نہیں تھا۔ اس زمانے میں یہ سوال' موجود ہی نہیں تھا کہ کوئی خاندان متوسط درجے پر زندگی گزار رہا ہے۔ یا اس سطح سے اوپر یا نیچے۔ محلہ میں برابری کا ماحول تھا۔ نمائش کا شائبہ تک نہیں تھا۔ گھر میں کھانا بھی بالکل سادہ سا ہوتا تھا۔ ایک سالن' اور رات کو اگر سالن کم پڑ جائے تو سفید چاول ابال لیے جاتے تھے۔ ہر گھر میں تقریباً ایسا ہی تھا۔ اگر کوئی مہمان آ جائے تو سالن کے ساتھ شامی کباب اور پلاؤ بن جاتا تھا۔ یہ اہتمام کی آخری سرحد ہوتی تھی۔ مہمان بھی آرام سے کھانا تناول کرکے شکریہ ادا کرکے خوش وخرم واپس چلا جاتا تھا۔ آج کے دور میں تو مہمان کے آنے کو خاندان کے لیے آزار سا بنا دیا گیا ہے۔ درجنوں کھانے' سویٹ ڈش اور پھر چائے یا کافی۔ یہ سب کچھ کیا ہے؟ طالب علم کی نظر میں تو یہ ایک دکھاوا ہے۔ جس میں اہتمام تو ہے مگر خلوص کی وہ چاشنی نہیں' جس سے محبت کی جاگ لگائی جاسکتی ہے۔ معلوم ہونے کے بعد بھی ہم لوگ مصنوعی پن سے کیوں کام لیتے ہیں؟ اس کا جواب کم از کم میرے پاس نہیں ہے۔ ڈویژنل پبلک اسکول میں پڑھتا تھا۔ ملازم محمد علی' سائیکل پر اسکول چھوڑنے جاتا تھا۔ بہت بڑی خواہش تھی کہ کاش اپنی سائیکل ہو۔ ساتویں کلاس میں تھا کہ ایک دن والد صاحب' مجھے سائیکلوں کی دکان پر لے گئے۔ کہ بیٹا اپنی پسند کی سائیکل لے لو۔ میرے لیے یہ ایک خواب کا پورا ہونا تھا۔ شاید سہراب سائیکل لی تھی یا ایگل۔ بہر حال پاکستانی سائیکل تھی۔ والد صاحب دکاندار کو پیسے دے کر چلے گئے۔ ڈرتے ڈرتے دکاندار سے پوچھا کہ بائی سائیکل کے ہینڈل پر گھنٹی لگوائی ہے۔ وہ ہنسنے لگا۔ لگ جائے گی۔ جب سائیکل میرے حوالے کی گئی۔ تو لائل پور کے مختلف بازاروں میں گھنٹی بجا بجا کر پیڈل مارتا رہا۔ یقین مانیے۔ جو مسرت مجھے اپنی ذاتی سائیکل خریدنے میں ہوئی تھی، وہ خوشی' اپنی پہلی کار خریدنے میں ہرگز نہیں تھی۔ بلکہ دونوں کا موازنہ کرنا بھی نامناسب سا لگتا ہے۔ جناح کالونی کے آغاز میں ایک گیٹ کی جگہ تھی۔ اس کے دونوں اطراف بڑے بڑے گھر بنے ہوئے تھے۔ ایک کا نام یاد ہے۔ اسے بٹالہ ہاؤس کہا جاتا تھا۔ اس میں متعدد خاندان مقیم تھے۔ معلوم نہیں کس کا گھر تھا۔ صرف یہ عرض کرسکتا ہوں کہ کافی وسیع سی بلڈنگ تھی

سیاسی مخالفین کے ساتھ سلوک

محمد سعید آرائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں سیاسی مخالفین کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کے واقعات سامنے آتے رہتے ہیں۔ نیلسن منڈیلا اور برما میں مسلمانوں کے ساتھ ہونے والے سلوک سب کو معلوم ہیں۔ پاکستان میں سیاسی مخالفین کے ساتھ غیر سیاسی سلوک پہلے مارشل لا سے شروع ہوئے تھے، جب ایبڈو قانون کے تحت تمام سیاسی مخالفین پر سیاست کرنے کی پابندی لگی تھی اور صرف سرکاری کنونشن مسلم لیگ کو کھل کر سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دی جب کہ حکومت مخالف کونسل مسلم لیگ، جماعت اسلامی، عوامی لیگ، نیشنل عوامی پارٹی، جے یو آئی بڑی اور نوابزادہ کی جمہوری پارٹی و دیگر چھوٹی پارٹیاں موجود تھیں۔ ذوالفقار علی بھٹو جنرل ایوب کے قابل اعتماد وزیر اور کونشن لیگ میں نہایت اہمیت کے حامل رہنما تصور کیے جاتے تھے جنھوں نے بعد میں ایوب خان کی مخالفت میں وزارت چھوڑ کر 1967 میں پیپلز پارٹی قائم کی تھی۔ 1968 میں ایوب حکومت کے خلاف عوامی احتجاج پر مخالفین کی سیاسی گرفتاریاں ہوئی تھیں۔ 1969 میں جنرل یحییٰ نے ایوب خان سے خود اقتدار لے لیا تھا اور 1970 میں نئے انتخابات کے لیے جنرل یحییٰ نے عام انتخابات کے لیے تمام سیاسی پارٹیوں کو سیاسی آزادی دی تھی جو انتخابات کے نتائج برآمد نہ ہونے سے پوری نہ ہوسکی تھی۔ جنرل یحییٰ ہی کے دور میں مشرقی پاکستان میں بھاری اکثریت حاصل کرنے والے شیخ مجیب کو اقتدار منتقل کرنے کی بجائے گرفتار کرکے لایا گیا تھا اور سندھ و پنجاب میں اکثریت حاصل کرنے والے بھٹو کی نئی سیاست کا نیا نعرہ سنا گیا تھا۔ ذوالفقار علی بھٹو ملک ٹوٹنے کے بعد بقیہ پاکستان کے وزیر اعظم بنائے گئے تھے جن کی پارٹی کے پاس سندھ و پنجاب کی حکومتیں بھی تھیں اور بعد میں انھوں نے سرحد و بلوچستان میں پی پی کی حکومتیں بنوا لی تھیں اور اپنی مخالفت پر نیپ کے سربراہ ولی خان کو گرفتار اور نیپ پر پابندی بھی لگا دی تھی اور اس کے اہم عہدوں پر رہنے والے رہنماؤں کو گرفتار بھی کرا دیا تھا۔ 1977 میں بھٹو حکومت کے متنازعہ انتخابات میں دھاندلی کے باعث ان کے خلاف ملک بھر میں تحریک چلی تو پیر پگاڑا کے سوا تمام سیاسی قائدین سے جیلیں بھر دی گئی تھیں اور ان کے ساتھ شرم ناک سلوک کیے جانے کا آغاز ہوا تھا۔ بھٹو حکومت میں مخالفین کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا گیا۔ بھٹو حکومت جنرل ضیا الحق کے مارشل لا سے ختم اور وزیر اعظم بھٹو گرفتار ہوئے تھے۔ نواز شریف اور بے نظیر بھٹو دونوں کے ادوار میں دونوں کی سیاسی مخالفین کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں اور نواز شریف کے غیر سیاسی بزرگ والد کو بھی نہیں بخشا گیا جب کہ آصف زرداری تو پہلے سے جیل میں تھے۔ جنرل مشرف نے نواز شریف کو برطرف کرکے ان کے ساتھ غیر سیاسی سلوک کیا تھا اور انھیں جہاز میں ہتھکڑیاں لگا کر کراچی لایا گیا تھا۔ ان کا پورا خاندان گرفتار کرایا گیا پھر نواز شریف جنرل پرویز سے معاہدہ کرکے جلاوطن ہو گئے تھے مگر بھٹو جنرل ضیا سے نہ بچ سکے تھے اور پھانسی چڑھ گئے تھے۔ نواز شریف اور بے نظیر نے جنرل مشرف کے انتقام سے سبق سیکھ لیا تھا اور 2008 سے 2018 تک دونوں کی پارٹیوں کی حکومتوں نے کوئی محاذ آرائی نہیں کی اور اپنی مدت بھی پوری کی مگر پی پی کے وزیر اعظم گیلانی اور (ن) لیگ کے میاں محمد نواز شریف عدالتی انتقام کا نشانہ ضرور بنے۔ وزیر اعظم عمران خان نے اپنے دور میں اپنی مخالف دونوں بڑی پارٹیوں پی پی اور (ن) لیگ سے بھرپور سیاسی انتقام اپنا ذاتی انتقام سمجھ کر لیا۔ انھوں نے اپنے مخالف تمام رہنماؤں کو جیل میں ڈالا اور ان کا دور بھی فسطائیت کا دور شمار ہوتا ہے۔ مستقبل میں بڑی پارٹیاں حال اور ماضی سے سبق سیکھ لیں تو سیاسی مخالفین سے انتقامی سلسلہ ختم ہو سکتا ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں سیاسی مخالفین کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کے واقعات سامنے آتے رہتے ہیں۔ نیلسن منڈیلا اور برما میں مسلمانوں کے ساتھ ہونے والے سلوک سب کو معلوم ہیں۔ پاکستان میں سیاسی مخالفین کے ساتھ غیر سیاسی سلوک پہلے مارشل لا سے شروع ہوئے تھے، جب ایبڈو قانون کے تحت تمام سیاسی مخالفین پر سیاست کرنے کی پابندی لگی تھی اور صرف سرکاری کنونشن مسلم لیگ کو کھل کر سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دی جب کہ حکومت مخالف کونسل مسلم لیگ، جماعت اسلامی، عوامی لیگ، نیشنل عوامی پارٹی، جے یو آئی بڑی اور نوابزادہ کی جمہوری پارٹی و دیگر چھوٹی پارٹیاں موجود تھیں۔ ذوالفقار علی بھٹو جنرل ایوب کے قابل اعتماد وزیر اور کونشن لیگ میں نہایت اہمیت کے حامل رہنما تصور کیے جاتے تھے جنھوں نے بعد میں ایوب خان کی مخالفت میں وزارت چھوڑ کر 1967 میں پیپلز پارٹی قائم کی تھی۔ 1968 میں ایوب حکومت کے خلاف عوامی احتجاج پر مخالفین کی سیاسی گرفتاریاں ہوئی تھیں۔ 1969 میں جنرل یحییٰ نے ایوب خان سے خود اقتدار لے لیا تھا اور 1970 میں نئے انتخابات کے لیے جنرل یحییٰ نے عام انتخابات کے لیے تمام سیاسی پارٹیوں کو سیاسی آزادی دی تھی جو انتخابات کے نتائج برآمد نہ ہونے سے پوری نہ ہوسکی تھی۔ جنرل یحییٰ ہی کے دور میں مشرقی پاکستان میں بھاری اکثریت حاصل کرنے والے شیخ مجیب کو اقتدار منتقل کرنے کی بجائے گرفتار کرکے لایا گیا تھا اور سندھ و پنجاب میں اکثریت حاصل کرنے والے بھٹو کی نئی سیاست کا نیا نعرہ سنا گیا تھا۔ کے سوا تمام سیاسی قائدین سے جیلیں بھر دی گئی تھیں اور ان کے ساتھ شرم ناک سلوک کیے جانے کا آغاز ہوا تھا

روشن خیال دانشوروں کے نام

زمرد نقوی

شریعتی انتہائی چونکا دینے والا دعویٰ کرتے ہیں۔ وہ دعویٰ یہ ہے کہ دنیا کے پسے ہوئے طبقات پر سب سے بڑا ظلم کوئی عالمی سپر پاور یا جابر حکمران نہیں کرتا بلکہ وہ خود اپنے آپ پر کرتے ہیں۔ ہم ڈاکٹر علی شریعتی کی مشہور تصنیف روشن خیال مفکرین کے نام سے ایک پیغام کی تہوں میں اتر رہے ہیں۔ جو ایک شاہکار ہے اور یہ تحریر دراصل سورۂ روم کا ایسا تجزیہ ہے جو یعنی روایتی مذہبی بحث کی سرحدوں کو پار کر جاتا ہے۔ یہ آج کی جیو پالیٹکس کو آبادیاتی نظام اور غلامی کی نفسیات کو بالکل ننگا کر کے رکھ دیتا ہے۔ تو چلیں اس بات کی تہہ تک پہنچتے ہیں تو ساتویں صدی کے اس کلام میں ایسا کیا راز پوشیدہ ہے جو آج کی جدید دنیا کے محکوم انسانوں کو جھنجوڑ کر رکھ دیتا ہے۔ اس حیران کن دعوے کو سمجھنے کے لیے ہمیں پہلے اس کے تاریخی پس منظر کو دیکھنا ہوگا جس پر شریعتی بات کر رہے ہیں۔ وہ رومی اور ایرانی سلطنت والا واقعہ، بالکل وہی۔ سورۂ روم کا نزول اس وقت ہوا جب اس دور کی دو سب سے بڑی گلوبل سپر پاور یعنی رومی سلطنت اور ساسانی سلطنت ایک دوسرے کے مدمقابل تھیں۔ رومیوں کو ایک فیصلہ کن شکست ہوئی تھی۔ بظاہر ایسا لگتا تھا کہ ان کا زوال اب حتمی ہے۔ لیکن اس وقت پیغمبر کی پیش گوئی نے جو انھوں نے فرمائی تھی کہ دس سال بعد رومی دوبارہ سے غالب آ جائیں گے، نے اس پورے منظر نامے کو بدل دیا۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ شریعتی یہاں ہمیں محض قدیم تاریخ نہیں پڑھا رہے۔ وہ اس تاریخی ٹکراؤ کو ایک وسیع تر استعارے کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ یعنی وہ اپنے دور کی مشرقی و مغربی طاقتوں پر تنقید کر رہے ہیں۔ انھوں نے بیداری کا آغاز جس نقطے سے کیا ہے وہ بظاہر بہت سادہ ہے وہ دانشوروں سے کہتے ہیں کہ دنیا کو صرف اپنے اردگرد کے جغرافیائی دائروں تک مت دیکھو۔ وہ اصرار کرتے ہیں کہ زمین پر سفر کرو اور ان عظیم طاقتوں کے انجام پر غور کرو جو تم سے پہلے گزر چکی ہیں۔ شریعتی بتاتے ہیں کہ ماضی کی یہ طاقتیں آج کی جدید سپر پاور سے بھی زیادہ مضبوط تھیں۔ انھوں نے پہاڑ تراشے تھے۔ تو شریعتی یہ کھنڈرات کا سفر کیوں کروانا چاہتے تھے۔ جب کوئی قوم مسلسل غلامی یا پسماندگی کا شکار ہوتی ہے تو اس کی نفسیات میں ایک شدید قسم کا احساس کمتری جڑ پکڑ لیتا ہے۔ انھیں لگنے لگتا ہے جو طاقتیں آج ان پر قابض ہیں وہ ابدی ہیں۔ ناقابل تسخیر ہیں۔ وہ سوچتے ہیں کہ ان کا جبر ایک مستقل حقیقت ہے۔ اچھا تو کھنڈرات کا مشاہدہ اس طلسم کو توڑتا ہے؟ بالکل جب ان طاقتوں کے محلات کو مٹی میں ملتا ہوا دیکھتے ہیں جنھوں نے کبھی پوری دنیا پر حکمرانی کی تھی تو آپ کا وہ خوف ختم ہو جاتا ہے۔ یعنی شریعتی یہ باور کروانا چاہتے ہیں کہ طاقت کا جو توازن ہمیں آج اٹل دکھائی دیتا ہے وہ دراصل بہت عارضی ہے۔ "تاریخ ایک بہتا ہوا دریا ہے۔ جو لہر آج سب سے اونچی ہے۔ کل اس کا ٹوٹ کا بکھرنا یقینی ہے۔ اور یہی وہ نکتہ ہے جو ایک محکوم ذہن میں مزاحمت کی پہلی چنگاری پیدا کرتا ہے"۔ یہاں بات واقعی بہت دلچسپ ہو جاتی ہے۔ اگر تاریخ کا پہیہ اتنی ہی بے رحمی سے گھومتا ہے تو پھر ایک غریب قوم صدیوں تک غلامی کیوں سہتی ہے۔ یہی تو اصل سوال ہے۔ اور یہیں سے شریعتی اپنی تحریر کا رخ سماج سے ہٹا کر سیدھا فرد کی طرف موڑ دیتے ہیں۔ متن میں ذکر ہے جب تاریکی عروج پر تھی تو پیغمبروں نے آ کر واضح دلائل یعنی جنھیں ہم بینات کہتے ہیں وہ پیش کیے۔ لیکن اس کے بعد شریعتی وہ بات کہتے ہیں جس نے ہمیں الجھا کر رکھ دیا۔ وہ بات کہتے ہیں کہ اللہ نے ان قوموں پر ظلم نہیں کیا۔ بلکہ انھوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔ یہاں ہمیں رکنا ہوگا۔ کیا یہ مظلوم پر ہی سارا ملبہ ڈالنے والی بات نہیں ہے کہ شریعتی مظلوم کو ہی ذمے دار ٹھہرا رہے ہیں۔ لیکن حقیقت میں یہ مظلوم کو بااختیار بنانے کی سب سے موثر شکل ہے۔ وہ کس طرح؟ وہ یہ سمجھا رہے ہیں کہ ظلم کے نظام کی بقا صرف ظالم کی طاقت پر نہیں ہوتی۔ تو پھر کس چیز پر ہوتی ہے؟ اس میں مظلوم کی رضامندی اس کی خاموشی اور اس جبر کو اپنی تقدیر سمجھ کر قبول کر لینے کا برابر کا حصہ ہوتا ہے۔ مطلب مظلوم کا اپنا رویہ؟ اور اس کے باوجود اس نے آنکھیں بند رکھیں تو اس اندھے پن کی ذمے داری کس پر ہے؟ ظاہر ہے اس شخص پر جو آنکھیں بند کیے بیٹھا ہے جو محض ظلم کو قسمت کا لکھا سمجھ کر سہہ لیتا ہے وہ نادانستہ طور پر ظالم کے نظام کا ایک پرزہ بن جاتا ہے۔ شریعتی کے نزدیک اللہ اس وقت تک کامیابی کی ضمانت نہیں دیتا جب تک کہ مظلوم خود اپنے اندر سے آزادی کا ارادہ نہ کر لے۔ جب تک آپ خود کو بے بس سمجھیں گے۔ آپ بے بس ہی رہیں گے۔ اس لیے شریعتی اس بات پر بہت زور دیتے ہیں کہ انسان کو کس چیز پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ وہ منع کرتے ہیں کہ ان سپر پاورز کو اپنا نجات دہندہ مت سمجھو۔ کیونکہ یہ طاقتیں بدلتی رہتی ہیں۔ جب یہ طاقتیں منظر سے ہٹتی ہیں تو ان کے بھروسے پر جینے والی قومیں کٹھ پتلیاں بن کر رہ جاتی ہیں۔

شریعتی انتہائی چونکا دینے والا دعویٰ کرتے ہیں۔ وہ دعویٰ یہ ہے کہ دنیا کے پسے ہوئے طبقات پر سب سے بڑا ظلم کوئی عالمی سپر پاور یا جابر حکمران نہیں کرتا بلکہ وہ خود اپنے آپ پر کرتے ہیں۔ ہم ڈاکٹر علی شریعتی کی مشہور تصنیف روشن خیال مفکرین کے نام سے ایک پیغام کی تہوں میں اتر رہے ہیں۔ جو ایک شاہکار ہے اور یہ تحریر دراصل سورۂ روم کا ایسا تجزیہ ہے جو یعنی روایتی مذہبی بحث کی سرحدوں کو پار کر جاتا ہے۔ یہ آج کی جیو پالیٹکس نو آبادیاتی نظام اور غلامی کی نفسیات کو بالکل ننگا کر کے رکھ دیتا ہے۔ تو چلیں اس بات کی تہہ تک پہنچتے ہیں تو ساتویں صدی کے اس کلام میں ایسا کیا راز پوشیدہ ہے جو آج کی جدید دنیا کے محکوم انسانوں کو جھنجوڑ کر رکھ دیتا ہے۔ اس حیران کن دعوے کو سمجھنے کے لیے ہمیں پہلے اس کے تاریخی پس منظر کو دیکھنا ہوگا جس پر شریعتی بات کر رہے ہیں

امریکی مڈٹرم انتخابات میں امریکی مسلمانوں کا کردار

تنویر قیصر شاہد

کل 3 نومبر 2026 ہے اور کل ہی ریاستہائے متحدہ امریکہ میں وسط مدتی انتخابات) کا یدھ پڑ رہا ہے۔ معلوم دنیا میں امریکہ کو "یک قطبی اکلوتی عالمی طاقت" بھی کہا جاتا ہے اور "دنیا کا تھانیدار" بھی۔ تیزی سے معاشی وعسکری عالمی طاقت پکڑتے چین اور تازہ ترین ایران وامریکی تصادم نے اگرچہ امریکی اکلوتی سپر عالمی طاقت کے تصور کو خاصا گزند اور ضعف پہنچایا ہے، مگر اس کے باوجود امریکہ "بہادر" کا عالمی ٹور ٹپا ابھی باقی ہے۔ اسی لیے امریکہ میں ہر بدلتے سیاسی، سماجی اور معاشی پہلو پر دنیا بھر کی نظریں لگی رہتی ہیں۔ 3 نومبر کے مڈٹرم الیکشن بھی انہی میں شمار ہو رہے ہیں۔ ساری دنیا کی نظریں ان پر مرتکز ہیں۔ یہاں اولین سوال مگر یہ ہے کہ امریکہ میں وسط مدتی انتخابات کے معنی ومفہوم کیا ہیں اور یہ کہ امریکی سیاست واقتدار میں مڈٹرم الیکشن کی ضرورت پڑتی ہی کیوں ہے؟ امریکا میں صدارتی انتخابات ہر چار سال بعد ہوتے ہیں، جب کہ ان کے درمیانی عرصے میں ہونے والے وفاقی انتخابات کو "مڈٹرم انتخابات" کہا جاتا ہے۔ 3 نومبر کے مڈٹرم انتخابات میں صدر کا انتخاب نہیں ہو رہا، بلکہ امریکی کانگریس کے ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 نشستوں، سینیٹ کی تقریباً ایک تہائی نشستوں اور متعلقہ ریاستوں میں گورنروں، ریاستی قانون ساز اداروں اور متعدد مقامی عہدوں کے لیے مقابلے ہوں گے۔ مڈٹرم انتخابات کی اہمیت اس لیے غیر معمولی ہے کہ کانگریس وفاقی بجٹ، ٹیکس، امیگریشن، صحت، تعلیم، دفاع، خارجہ امداد اور حکومتی نگرانی جیسے معاملات پر قانون سازی کرتی ہے۔ اگر امریکی صدر کی جماعت کانگریس میں اپنی اکثریت کھو دے تو صدر کے لیے اپنے قانونی اور سیاسی ایجنڈے پر عمل کرنا زیادہ مشکل ہو سکتا ہے۔ امریکی مسلمان ووٹروں کے لیے بھی مڈٹرم انتخابات یکساں اہم ہیں۔ شہری حقوق، مذہبی آزادی، نفرت انگیز جرائم، امیگریشن، فلسطین و اسرائیل سے متعلق امریکی پالیسی، مسلم ممالک کے ساتھ تعلقات اور روزمرہ کے معاشی مسائل مڈٹرم انتخابی بحث کا حصہ بن رہے ہیں۔ لیکن ان میں سے ہر معاملے پر تمام امریکی مسلمان ایک جیسی رائے نہیں رکھتے۔ امریکی سیاست میں مسلمانوں کا کردار اب محض ایک مذہبی اقلیت کی نمائندگی تک محدود نہیں رہا، بلکہ وہ انتخابی سیاست، قانون سازی، شہری حقوق، خارجہ پالیسی، تعلیم، معیشت اور مقامی حکومتوں میں بھی اپنی موجودگی منوا رہے ہیں۔ امریکی مسلمانوں کی سیاسی اہمیت کا اندازہ صرف ان کی تعداد سے نہیں، بلکہ ان کی جغرافیائی تقسیم، ووٹ ڈالنے کی شرح، انتخابی مقابلوں میں ان کی شرکت، مالی وسائل، تنظیمی صلاحیت اور فیصلہ کن ریاستوں میں ان کے ووٹوں کے اثرات سے لگایا جا سکتا ہے۔ 3 نومبر 2026 کے امریکی مڈٹرم انتخابات اسی اعتبار سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ ان انتخابات میں مسلمان ووٹر نہ صرف کانگریس کی آیندہ سیاسی سمت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں بلکہ مختلف ریاستوں میں گورنروں، ریاستی اسمبلیوں اور مقامی حکومتوں کے انتخاب میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تاہم یہ سمجھنا ضروری ہے کہ امریکی مسلمان کوئی یکساں سیاسی گروہ نہیں بلکہ ان کے نظریات، نسلی پس منظر، معاشی مفادات اور سیاسی ترجیحات ایک دوسرے سے خاصے مختلف ہیں۔ مڈٹرم انتخابات میں امریکی مسلمان کیا کردار ادا کر سکتے ہیں، اس کا اندازہ ہم ان کی تعداد سے لگا سکتے ہیں۔ امریکی مسلمانوں کی تعداد کے بارے میں تازہ ترین اہم اعداد وشمار 3 ستمبر 2026 کو شائع ہونے والی تحقیق میں سامنے آئے ہیں۔ اس کے مطابق: امریکا میں مسلمانوں کی تعداد تقریباً 55 لاکھ ہے۔ امریکہ میں مساجد کی تعداد بھی 3 ہزار سے متجاوز ہو چکی ہے۔ امریکی مسلمان امریکی معاشرے میں نسلی اور ثقافتی اعتبار سے خاصے متنوع ہیں۔ ان میں پاکستان، بنگلہ دیش، عالم عرب، افریقہ، ایران، ترکی اور دیگر خطوں سے تعلق رکھنے والوں کے علاوہ سیاہ فام امریکی مسلمان بھی شامل ہیں۔ امریکی مسلمانوں کی نئی نسل تعلیم، کاروبار، طب، قانون، صحافت اور سیاست میں سرگرم ہے۔ تاہم 55 لاکھ کی امریکی مسلم آبادی کا مطلب یہ نہیں کہ تمام امریکی مسلمان ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ بچوں، غیر شہری رہائشیوں اور ووٹ کے لیے رجسٹرڈ نہ ہونے والوں کو الگ رکھنا ضروری ہے۔ اسی طرح مذہبی وابستگی اور سیاسی ترجیحات کو ایک ہی پیمانے سے نہیں ناپا جا سکتا۔ امریکی مسلمانوں کی عددی وسیاسی طاقت جاننے اور امریکی انتخابات میں امریکی مسلمانوں کے کردار کی تفہیم کے لیے یہ جاننا بھی ازحد ضروری ہے کہ پہلے یہ معلوم کیا جائے کہ امریکی مسلمانوں کی موثر تنظیمیں کتنی اور کونسی ہیں؟ امریکا کی اہم مسلمان تنظیمیں یہ ہیں: (1) کونسل آن امریکن اسلامک ریلیشنز (2) ایکشن کیئر (3) مسلم پبلک افیئرز کونسل (4) ایم گیج (5) ایم گیج پی اے سی (6) اسلامک سوسائٹی آف نارتھ امریکہ (7) مسلم ایڈووکیٹس!! یہاں یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ 5 ملین سے زائد امریکی مسلمان اب تک امریکی پارلیمنٹ میں کتنی نشستیں حاصل کر پائے ہیں

یہ جو لاوا پھٹا ہے ابھی ابھی

ڈاکٹر فاروق عادل

